I. **Invitation to Bidders**

Sale Notice No. PLDDB/Jul-0260/2024

Sale Notice

Wheat Sale at LES-Farm

گندم برائے فروخت

پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ (پی ایل ڈی ڈی بی) کے پاس تجرباتی لائیوسٹاک فارم، خضر آباد، سرگودھا میں 700 ایکڑ کی (تقریباً 30,000 من) گندم موجود ہے جسے ادارہ فروخت کرنا چاہتا ہے۔ گندم کی فروخت 22 جولائی 2024ء بروز پیر، دن 10 بجے تجرباتی لائیوسٹاک فارم، خضر آباد، سرگودھا میں ہوگی۔ متعلقہ شعبہ سے وابستہ افراد موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ فروخت کے دوران ادارہ ہذا کی طرف سے متعین کئے گئے اصول وضوابط لاگو ہوں گے۔

شرائط وضوابط:

- ☆ گندم جہاں ہے جیسے ہے کی بُنیاد پر فروخت ہوگی، تاہم خریدکنندہ خرید سے قبل گندم کا معائنہ کرسکتا ہے۔
- ☆ خریدکنندہ کو خرید سے قبل 250,000 روپے (قابل واپسی) بطور زرِ ضمانت بحق پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ جمع کروانا ہوگا۔
- ☆ فروخت کے دوران تمام معاملات کا حتمی فیصلہ چیف ایگزیکٹیو آفیسر کا ہوگا جسے خریدکنندہ کو قبول کرنا ہوگا۔
- ☆ گندم کی قابل قبول قیمت نہ لگنے کی صورت میں ادارہ فروخت کو منسوخ کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔
- ☆ ترازو ادارہ ہذا کا ہوگا، تاہم گندم کا وزن کرنے سے قبل خریدکنندہ اسے مکمل طریقے سے چیک کرسکتا ہے۔
- ☆ خریدکنندہ گندم فارم سے خود اُٹھائے گا، ادارہ کسی قسم کی ٹرانسپورٹیشن کا ذمہ دار نہ ہوگا۔
- ☆ گندم اُٹھانے سے قبل خریدکنندہ کو گندم کی مکمل قیمت ادا کرنا ہوگی۔
- ☆ خریدکنندہ کو اگر شرائط کے بارے میں کوئی وضاحت درکار ہوئی تو فروخت سے قبل موقع پر اس کو تفصیلاً بتادیا جائے گا۔
- ☆ گندم فروخت نہ ہونے کی صورت میں دوسری فروخت 29 جولائی 2024ء اور تیسری فروخت 05 اگست 2024ء بروز پیر دن 10 بجے ہوگی۔
- ☆ فروخت کے دوران ادارہ ہذا کی طرف سے متعین کئے گئے اصول وضوابط لاگو ہوں گے۔

دلچسپی رکھنے والے حضرات شرائط وضوابط کے مطالعہ کے لئے ادارہ کی ویب سائیٹ www.plddb.pk/tenders وزٹ کریں۔

مزید معلومات کے لئے 0340-7653443 پر دفتری اوقات میں رابطہ کریں۔

سینئر مینجر، تجرباتی لائیوسٹاک فارم، خضر آباد، ضلع سرگودھا

(ہیڈ آفس) پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ، 273-B، بلاک بی،
ریونیو سوسائٹی PIA روڈ لاہور۔ Phone# 042-99333045-6

PLDDB
Economy's Lifeline